سوال

(249) صدقہ کرنے والے کےلیے دعا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ صدقہ حاصل کرنے کےلیے جمع ہوجاتے ہیں، تووہ مال صدقہ پرہاتھ رکھ کردیتے ہیں۔ ان میں سے ایک شخص صدقہ کرنے والے کےلیے دعا کرتا ہے اوردوسرے لوگ بلند آوازسے آمین کہتے ہیں تواس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ صورت درست نہیں کیونکہ یہ بدعت ہے۔ لیکن مال صدقہ پرہاتھ رکھے بغیر اورمذکورہ صورت میں جمع ہوکربلند آوازسے دعاکیے بغیر صدقہ کرنے والے کےلیےلیے دعا کرنا صحیح ہے، کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا:

(ومن صنع إليكم معروفا فكافئوه فإن لم تجدوا ماتكافئونه فادعوا له حتى تروا أنكم قد كافأتموه".)(سنن ابی داود الزكاة باب عطية من سال حديث:1672وسنن النسائی ح:2568)

''اورجوتمہارے ساتھ بھلائی کرے تم اس کا بدلہ دو، اگرتم بدلہ دینے کےلیے کچھ نہ پاؤ تواس کے حق میں اس وقت تک دعا کرتے رہو جب تک کہ تم یہ نہ سمجھ لوکہ تم اسے بدلہ دے چکے۔''

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص196

محدث فتویٰ